ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن ضیاء الحق کے انتقال پر الطاف حسین کا اظہار افسوس

لندن۔۔۔22، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-4 کے کارکن ضیاء الحق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ مجھ سمیت ایم کیوایم کے تمام کارکنان آپ کے غم میں برابر کے شریک ہیں۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

دبئی میں محبان پاکستان عرب امارات کا اجلاس
ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس پر ایم کیوایم کے کارکنان کو مبارکباد
ایم کیوایم آج ملک بھر کے مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے، اے ہدا خان

دبئی۔۔۔22، مارچ 2009ء

محبان پاکستان اوورسیز متحدہ عرب امارات کے تحت ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کے سلسلے میں دبئی میں ایک اجلاس منعقد ہوا جس میں محبان پاکستان عرب امارات کے آرگنائزر اے ہدا خان، مرکزی ایڈہاک کمیٹی کے ارکان محسن فہیم، حسیب الرحمان اور رؤف الرحمان کے علاوہ دبئی، شارجہ، عجمان اور العین کے ذمہ داران، کارکنان اور ہمدرد پاکستانیوں نے بڑی تعداد میں شرکت کی۔اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے اے ہدا خان نے جناب الطاف حسین اور ایم کیوایم کے تمام کارکنان کو ایم کیوایم کے سلور جوبلی یوم تاسیس کی دلی مبارکباد پیش کرتے ہوئے کہا کہ غریب ومتوسط طبقہ سے جنم لینے والی تحریک آج ملک بھر کے مظلوم عوام کے دلوں کی دھڑکن بن چکی ہے۔انہوں نے کہا کہ حق پرستی کا پیغام ملک بھر میں پھیل چکا ہے اور انشاء اللہ ملک بھر کے عوام اپنے اتحاد سے فرسودہ جاگیردارانہ نظام کا خاتمہ کردیں گے۔اجلاس سے مرکزی کمیٹی کے ارکان محسن فہیم، حسیب الرحمان اور رؤف الرحمان نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی جدوجہد ملک بھر کے مظلوم عوام کیلئے مشعل راہ ہے۔انہوں نے کہا کہ وقت کا تقاضا ہے کہ پاکستان بھر کے مظلوم عوام ایم کیوایم کے پرچم تلے جمع ہوجائیں۔

ایم کیوایم کا سلور جوبلی یوم تاسیس عزم وعمل کی ناقابل فراموش داستانوں سے عبارت ہے
ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ اور عزیز آباد نائن زیرو پر موصول ہونے والے تہنیتی پیغامات

کراچی۔۔۔22، مارچ 2009ء

مختلف شعبہ ہائے زندگی سے تعلق رکھنے والے افراد نے کہا ہے کہ ایم کیوایم کا سلور جوبلی یوم تاسیس عزم وعمل کی ناقابل فراموش داستانوں سے عبارت ہے۔ان خیالات کا اظہار انہوں نے ایم کیوایم انٹرنیشنل سیکریٹریٹ لندن اور کراچی میں ایم کیوایم کے مرکز نائن زیرو پر ایم کیوایم کے سلور جوبلی کے موقع پر اپنے تہنیتی پیغامات میں کہی۔پیغامات بھیجنے والوں میں تاجر، انجینئرز، وکلاء، صحافی، ڈاکٹرز، علمائے کرام، سماجی ومذہبی تنظیموں کے علاوہ پاکستان سمیت دنیا بھر میں مقیم ایم کیوایم کے کارکنان اور ہمدرد شامل ہیں۔اپنے تہنیتی پیغامات میں انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی پرامن جدوجہد ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام میں انقلاب کو جنم دے رہی ہے اور ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام ایم کیوایم کو ہی اپنا نجات دہندہ تصور کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کی سلور جوبلی کی تقریبات میں ملک بھر کے عوام کی شرکت اس بات کا ثبوت ہے کہ ایم کیوایم نے متحدہ قومی موومنٹ کا سفر کامیابی کے ساتھ شروع کیا ہے اور اس میں تمام قومیتوں کا گلدستہ سج چکا ہے اور ملک بھر کے مظلوم عوام کو آپس میں لڑانے کی کوئی سازش کامیاب نہیں ہوسکے گی۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم کا سلور جوبلی یوم تاسیس حق پرستی کی طویل جدوجہد اور عزم وعمل کی ناقابل فراموش داستانوں سے عبارت ہے اور اس جدوجہد میں ہزاروں شہداء کا لہو شامل ہے۔انہوں نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ ایم کیوایم کو مزید ترقی اور جناب الطاف حسین کو صحت وتندرستی اور درازی عمر عطا کرے۔(آمین)

ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کے کارکن ضیاء الحق دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے، رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی ---22، مارچ 2009ء

متحدہ قومی موومنٹ سرجانی ٹاؤن سیکٹر یونٹ A-4 کے کارکن ضیاء الحق دل کا دورہ پڑنے کے باعث انتقال کر گئے ۔ مرحوم کی عمر 63 سال تھی اور ان کے سوگواران میں بیوہ سمیت 5 بیٹے اور 5 بیٹیاں شامل ہیں ۔ ضیاء الحق مرحوم کو محمد شاہ نارتھ کراچی کے قبرستان میں سپردخاک کردیا گیا۔ مرحوم کی نماز جنازہ اور تدفین میں حق پرست رکن قومی اسمبلی عبدالوسیم، رکن سندھ اسمبلی عادل خان، حق پرست ٹاؤن ناظم، یوسی ناظمین، کونسلرز، ایم کیوایم سرجانی ٹاؤن سیکٹر کمیٹی کے اراکین، یونٹوں کے ذمہ داران، کارکنان، ہمدردوں اور مرحوم کے عزیزواقارب نے شرکت کی ۔ دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ضیاء الحق کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کرتے ہوئے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو اپنی جوار رحمت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے، مرحوم کے درجات بلند فرمائے اور سوگواران کو صبر جمیل کی توفیق عطا کرے ۔ (آمین) ۔

☆☆☆☆☆